ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر | جمعرات 02 جولائی 2026ء، 16 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر
06 | فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com | 304

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
e.sheharnama.com
http://www

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

اسلام آباد، راولپنڈی، خیبر پختونخوا، پنجاب بارش طوفان 5 جاں بحق 20 طالبات زخمی

جنڈ کے گاؤں ڈھوک بالم، طوفانی بارش کے باعث دیوار گرنے سے دو بھائی جاں بحق، تین زخمی ہوئے، کے پی میں مدرسے کی چھت منہدم ہونے سے طالبات زخمی ہوئیں

مون سون بارشوں کا سلسلہ خیبر پختونخوا اور ملحقہ خطہ پوٹھوہار پر اثر انداز، دوسرا موسمی نظام شمال مشرقی بلوچستان اور پنجاب کے ملحقہ اضلاع پر موجود ہے، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (نامہ نگار) محکمہ موسمیات نے خیبر پختونخوا، پنجاب اور کشمیر میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے الرٹ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے ملک کے بالائی و وسطی علاقوں کے لیے موسمی الرٹ جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق مون سون بارشوں کا سلسلہ خیبر پختونخوا اور ملحقہ خطہ پوٹھوہار پر اثر انداز ہے اور دوسرا موسمی نظام شمال مشرقی بلوچستان اور پنجاب کے ملحقہ اضلاع پر موجود ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے بتایا گیا کہ خیبر پختونخوا کے علاقوں دیر، چترال، سوات، کوہستان، ملاکنڈ، نوشہرہ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع لوئر دیر میں مدرسے پر آسمانی بجلی گرنے سے 20 سے زائد طالبات زخمی ہوگئیں جب کہ ضلع خیبر کی تحصیل لنڈی کوتل کے علاقے بازار زخہ خیل میں آسمانی بجلی گرنے سے دو بچے جاں بحق جبکہ ایک ہی خاندان کے تین افراد زخمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف دانش سکول بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جنڈ (الطاف طاہر بیورو چیف) بوٹا گاؤں ڈھوک بالم، طوفانی بارش کے باعث دیوار گرنے سے دو بھائی جاں بحق، تین زخمی تفصیلات کے مطابق اٹک کے گاؤں بوٹا کے قریب ڈھوک بالم میں شدید بارش کے دوران ایک دیوار اچانک منہدم ہوگئی، جس کے نیچے پانچ بچے دب گئے۔ افسوسناک واقعے میں دو بھائی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ تین بچے زخمی ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ انداز میں امدادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

آبنائے ہرمز، تہران خود مختاری سے دستبردار نہیں ہوگا، باقر قالیباف

تہران (صباح نیوز) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر اور امریکا کے ساتھ مذاکرات میں اہم کردار ادا کرنے والے محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز ایران کی سب سے بڑی تزویراتی طاقت ہے اور تہران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

صدر زرداری سے سندھ و بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ کی ملاقات

بین الصوبائی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کراچی میں ملاقات کی، جس میں وفاقی حکومت سے متعلق بین الصوبائی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایوان صدر کے مطابق ملاقات میں وفاق اور صوبوں کے درمیان تعاون کو مزید مؤثر بنانے، عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کراچی، صدر آصف زرداری سے، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے

سانحہ کاہنہ پر مریم نواز کا جاں بحق بچوں کے لواحقین کو 20، 20 لاکھ دینے کا اعلان

سانحہ کاہنہ کے بعد حادثے میں جاں بحق تمام 14 بچوں کی نمازِ جنازہ ادا، مقامی قبرستان میں تدفین، ہر آنکھ نم، فضا سوگوار

مالک مکان، خاتون ٹیچر کے شوہر ریحان، اسکے بھائی فیضان اور مزدور عمیر کو تحویل میں لے کر مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری

ڈی جی پاکستان پوسٹ مقصود بلوچ نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) سانحہ کاہنہ کے بعد پورا علاقہ غم کی تصویر بنا ہوا ہے۔ فضا سوگوار ہے ہر آنکھ اشکبار ہے جبکہ حادثے میں جاں بحق تمام 14 بچوں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی جب کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا سانحہ کاہنہ میں جاں بحق بچوں کے لواحقین کو 20،20 لاکھ روپے دینے کا اعلان کر دیا۔ بچوں اور بچیوں کی نمازِ جنازہ ادا کرنے کے بعد انہیں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ المناک سانحے کے باعث علاقے میں دکانیں اور مارکیٹیں بند ہیں جبکہ سوگ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

سانحہ لاہور میں جاں بحق ہونے والے 9 بچے سپرد خاک

لاہور (صباح نیوز) سانحہ لاہور میں جاں بحق بچوں کو سپرد خاک کر دیا گیا، اس موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ واقعہ میں جاں بحق مزید 5 بچوں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، افسوسناک واقعہ میں جاں بحق 14 میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

بھارتی نیوز چینلز ہیک، صدر کی تقریر کے دوران پاکستانی قومی ترانہ نشر

نئی دہلی (آئی این پی) ہیکرز نے بھارتی نیوز چینلز کو ہیک کر کے صدر کی تقریر کے دوران پاکستانی قومی ترانہ نشر کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نامعلوم ہیکرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

2026-2027 وفاقی بجٹ پر عملدرآمد آج شروع

ماہانہ ایک لاکھ 83 ہزار یا سالانہ 22 لاکھ آمدن پر ٹیکس کی موجودہ شرح برقرار، سالانہ 50 کروڑ روپے سے کم آمدنی والوں پر سپر ٹیکس ختم

بینکنگ اور آئل اینڈ گیس ایکسپلوریشن کمپنیوں پر 10 فیصد اور کھاد کی فروخت سے آمدن حاصل کرنے والوں پر 10 فیصد سپر ٹیکس برقرار ہے

ڈھائی سال کے دوران پاکستان کی ٹیکس وصولیاں تقریباً دوگنی ہو چکی، ضمی میں پہلے کبھی بھی اتنی کم مدت میں ٹارگٹ حاصل نہیں کیا گیا، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت کی جانب سے اعلان کردہ نئے مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ پر عمل درآمد شروع ہو گیا ہے، جس کے تحت ماہانہ ایک لاکھ 83 ہزار یا سالانہ 22 لاکھ آمدن پر ٹیکس کی موجودہ شرح برقرار ہے جبکہ سالانہ 50 کروڑ روپے سے کم آمدنی والوں پر سپر ٹیکس ختم کر دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق نئے وفاقی بجٹ پر عمل درآمد شروع ہو گیا ہے اور ماہانہ ایک لاکھ 83 ہزار یا سالانہ 22 لاکھ آمدن پر ٹیکس کی شرح برقرار ہے۔ نئے بجٹ میں 50 کروڑ سالانہ آمدنی پر سپر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی سال کے دوران پاکستان کی ٹیکس وصولیاں تقریباً دوگنی ہو چکی ہیں۔ ایف بی آر میں لیڈر شپ اور فیلڈ فارمیشنز سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے مالی سال 26-2025 میں ریونیو ٹارگٹ حاصل کرنے پر ایف بی آر کو مبارکباد دی اور کہا کہ ایف بی آر کا ٹارگٹ 83.12 ٹریلین تھا، 13 ٹریلین عبور کر لیا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ماضی میں پہلے کبھی بھی اتنی کم مدت میں ٹارگٹ حاصل نہیں کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ایف بی آر سے متعلق اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا اور ایران میں تکنیکی مذاکرات بدستور جاری ہیں، جے ڈی وینس کا دعویٰ

تکنیکی مذاکرات کسی نئے مرحلے کا آغاز نہیں، پہلے سے جاری سفارتی عمل کا تسلسل ہیں، دونوں فریق رابطے میں ہیں

آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل دوبارہ جنگ سے قبل کی سطح پر پہنچ چکی ہے، امریکی نائب صدر کی غیر ملکی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان تکنیکی نوعیت کے مذاکرات بدستور جاری ہیں اور یہ بات چیت پہلے سے جاری سفارتی عمل کی بنیاد پر آگے بڑھ رہی ہے، ایران کی جانب سے مختلف نوعیت کے بیانات مذاکراتی حکمت عملی کا حصہ ہیں، آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل دوبارہ جنگ سے قبل کی سطح پر پہنچ چکی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق میڈیا سے گفتگو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ

پاکستان نے 250 بھارتیوں کی فہرست سونپ دی، دونوں ممالک معاہدہ کے پابند

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان اور بھارت نے سفارتی ذرائع سے ایک دوسرے کی تحویل میں موجود قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ کیا ہے۔ 21 مئی 2008 کو دستخط کیے گئے اس معاہدے کے تحت دونوں ممالک ہر سال یکم جنوری اور یکم جولائی کو ان فہرستوں کا تبادلہ کرنے کے پابند ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق حکومت پاکستان نے اسلام آباد میں قائم بھارتی ہائی کمیشن کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے بلغاریہ کی سفیر ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان اور افغانستان مسلح تصادم کا خاتمہ کریں، روس

پاکستان اور افغانستان متنازع امور کو سیاسی اور سفارتی ذرائع سے حل کریں

ماسکو (صباح نیوز) روس نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان متنازع امور کو سفارتی طریقے سے حل کریں۔ روسی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پاکستان اور افغانستان مسلح تصادم کا خاتمہ کریں، پاکستان اور افغانستان متنازع امور کو سیاسی اور سفارتی ذرائع سے حل کریں۔ واضح رہے کہ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے افغانستان سے آنے والے 4 ڈرونز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

نیو وٹیک اور آئی ٹی ایم سی میں مشترکہ منصوبوں پر اتفاق

EV کے ملینکس کی تربیت کیلئے فوری ماسٹر ٹرینرز تیار کیے جائیں گے

چیئرمین نیو وٹیک انجینئر قمر الاسلام سے چینی کمپنی کے وفد کی ملاقات میں فیصلے

اسلام آباد (پ ر) نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) کے چیئرمین انجینئر قمر الاسلام راجہ سے چینی کمپنی آئی ٹی ایم سی (ITMC) کے اعلیٰ سطحی وفد نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میکس ما کی قیادت میں نیو وٹیک ہیڈ آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان میں الیکٹرک وہیکل (EV) ٹیکنالوجی کے فروغ، جدید فنی تعلیم اور نوجوانوں کو عالمی معیار کی تربیت فراہم کرنے کے حوالے سے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ نیو وٹیک اور آئی ٹی ایم سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

پاکستان کا اصل چیلنج موجودہ پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد، چوہدری سالک

معاشی و ماحولیاتی تبدیلی کے دوران کسی بھی محنت کش کو نظر انداز نہیں کیا جائیگا، وفاقی وزیر

مزدور تنظیموں کی فعال شمولیت کے بغیر منصفانہ توانائی کی منتقلی ممکن نہیں، مقررین کانفرنس

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان جب کم کاربن اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ معیشت کی جانب تیزی سے پیش قدمی کر رہا ہے تو ماہرین، پالیسی سازوں، ٹریڈ یونین رہنماؤں، ماہرین تعلیم اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے اس امر پر زور دیا ہے کہ ملک میں توانائی کی منتقلی کا عمل منصفانہ، جامع اور محنت کشوں کے حقوق اور روزگار کے تحفظ کو مرکز نگاہ رکھ کر آگے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ویزویلا زلزلے میں ہلاکتوں کی تعداد 2 ہزار سے متجاوز

ہزاروں افراد کا ملبے تلے دبنے کا خدشہ، ہزاروں زخمی اور بے گھر ہو چکے، حکام

کراچی (آئی این پی) ویزویلا میں گزشتہ ہفتے آنے والے دو طاقتور زلزلوں کے بعد ہلاکتوں کی تعداد تقریباً 2 ہزار تک پہنچ گئی ہے، جبکہ ہزاروں افراد زخمی اور بے گھر ہو چکے ہیں۔ حکام کے مطابق آفٹر شاکس کی شدت اور تعداد میں کمی آئی ہے، جس کے بعد امدادی اور بحالی کی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔ قومی اسمبلی کے صدر خورخے روڈریگیز نے ٹیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

لاہور ٹیوشن سینٹر حادثہ: پنجاب اسمبلی میں مذمتی قرارداد جمع

حادثے میں 14 بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب اسمبلی میں لاہور کے ٹیوشن سینٹر حادثے پر مذمتی قرارداد جمع کرا دی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن پنجاب اسمبلی سلمیٰ سعید نے جمع کرائی، جس میں حادثے میں 14 بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔ قرارداد میں شہداء کے درجات کی بلندی، زخمی بچوں کی جلد صحت یابی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا گیا ہے۔ حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ شہداء کے لواحقین کے لیے فوری طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

حکومت کا سانحہ کاہنہ کے بعد 1984 کے قانون میں ترامیم کا فیصلہ

پرائیویٹ ایجوکیشنل آرڈیننس میں ٹیوشن سینٹرز شامل نہیں، حکومت قانون سازی کریگی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) کاہنہ سانحے نے ٹیوشن سینٹرز کی نگرانی سے متعلق قانون سازی کی ضرورت اجاگر کر دی، سانحے کے بعد حکومت نے 1984 کے قانون میں ترامیم لانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب میں ٹیوشن سینٹرز پر حکومت باقاعدہ قانون سازی کرے گی کیونکہ صوبے میں ٹیوشن سینٹرز کی ریگولیشن کا قانون میں خلا ہے، 41 سال پرانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سیٹرک ورکنگ گروپ اجلاس، جنوبی ایشیائی ممالک کے وفود کی شرکت

اسلام آباد (صباح نیوز) ساؤتھ ایشین ٹیلی کمیونیکیشن ریگولیٹرز کونسل (سیٹرک) ورکنگ گروپ کا اسلام آباد میں اجلاس ہوا اجلاس میں بھارتی وفد نے بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی موجودگی میں سندھ سائنس اینڈ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ اور ٹیک ویلی میں معاہدہ پر دستخط کیے جا رہے ہیں

گوادر کی بلدیاتی نشستوں پر ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے گوادر میونسپل کمیٹی اور متعلقہ یونین کونسلوں کی خالی نشستوں پر ضمنی بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کر دیا۔ جاری اعلامیے کے مطابق گوادر میونسپل کمیٹی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تعداد میں اضافہ

الیکشن کمیشن نے چار سیاسی جماعتوں کے انٹرا پارٹی انتخابات تسلیم کر لیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تعداد 167ء وگئی۔ الیکشن کمیشن نے چار سیاسی جماعتوں کے انٹرا پارٹی انتخابات تسلیم کر لیے، الیکشن کمیشن نے چاروں جماعتوں کے انٹرا پارٹی انتخابات کا باضابطہ نوٹیفکیشنز بھی جاری کر دیے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق عام آدمی تحریک پاکستان، پاکستانی عوامی انقلابی لیگ، اللہ اکبر تحریک اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

مضاربہ اسکینڈل کیس، احسان اللہ اور اظہر شاہ گرفتار

BBA کینسل ہونے کے بعد پولیس نے دونوں کو حراست میں لے لیا، تصاویر سامنے نہ آسکیں، تفتیش جاری

دونوں بھائیوں کے خلاف مضاربہ اسکینڈل میں سینکڑوں لوگوں سے کروڑوں روپے فراڈ کے ذریعے حاصل کرنے کا الزام

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مشہور مضاربہ اسکینڈل کیس، کروڑوں روپے ہیر پھیر کیس، مانسہرہ سے دو سگے بھائی احسان اللہ اور اظہر شاہ گرفتار BBA کینسل ہونے کے بعد پولیس نے دونوں کو حراست میں لے لیا، تصاویر سامنے نہ آسکیں، پولیس تفتیش کا عمل جاری، تفصیلات کے مطابق مضاربہ اسکینڈل کے ملزمان دو بھائی احسان اللہ شیرازی اور اظہر شاہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46) میزبان سٹور مانسہرہ کے مشہور کروڑوں روپے

اسلام آباد میں منعقدہ پانچویں قومی لیبر کانفرنس سے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین خطاب کر رہے ہیں

چینی صدر کا تائیوان علیحدگی پسند قوتوں کیخلاف کارروائی کا اعلان

کسی بھی بیرونی مداخلت کی بھرپور مخالفت کریں گے، چینی صدر شی جن پنگ

بیجنگ (آئی این پی) چینی صدر شی جن پنگ نے کہا ہے کہ تائیوان کی علیحدگی پسند قوتوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور چین کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کی بھرپور مخالفت کرے گا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ نے بیجنگ میں اپنے خطاب میں کہا کہ قومی اتحاد کے عمل کو ہر صورت آگے بڑھایا جائے گا اور قومی اتحاد کے عظیم مقصد کی تکمیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

امپورٹڈ میک اپ، پرفیومز بیوٹی آلات اور لوشنز سستے

اسلام آباد (آئی این پی) یکم جولائی سے نئے ٹیکسز کے نفاذ کے ساتھ ہی خواتین کے لیے بڑی خوشخبری آ گئی، امپورٹڈ میک اپ، پرفیومز، بیوٹی آلات اور لوشنز سستے ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق یکم جولائی 2026 سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

جماعت اسلامی کا وفد شہید آیت اللہ خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کریگا

لیاقت بلوچ، آصف لقمان قاضی آج اسلام آباد سے ایران روانہ ہونگے، ترجمان

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے حکومت اسلامی جمہوریہ ایران کی دعوت پر جماعت اسلامی کے دورتی وفد نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ اور ڈائریکٹر امور خارجہ جماعت اسلامی پاکستان آصف لقمان قاضی کو ایران کے انقلابی مدبر اعلیٰ منصم شہید رہبر آیت اللہ سید علی حسینی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کرنے کے لیے مقرر کیا ہے۔ جماعت اسلامی کا دو رکنی وفد دو جولائی کو اسلام آباد سے ایران روانہ ہوگا جہاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

ڈیجیٹل معیشت کے تحفظ کے لیے سائبر سکیورٹی ناگزیر قرار

کراچی (صباح نیوز) فورٹینیٹ سکیورٹی کمپنی نے بدھ کو کراچی کے پرل کانٹینینٹل ہوٹل میں "فورٹینیٹ سکیورٹی ڈے پاکستان 2026" کا انعقاد کیا۔ تقریب میں سرکاری اور نجی شعبے سے تعلق رکھنے والے چیف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

چناب ٹنل اور انڈس واٹرز کمشنر کیس میں وفاق کو نوٹس جاری

مستقل کمشنر کی تقرری، آبی حقوق کے تحفظ سے متعلق پیرا وائز نمٹس جمع کرانے کا حکم

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے چناب بیاس لنک ٹنل منصوبے، پاکستان کے آبی حقوق اور پاکستان کمشنر برائے انڈس واٹرز کی مستقل تقرری سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد، وفاقی وزیر مصدق ملک سے اقوام متحدہ کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل محمد یحییٰ ملاقات کر رہے ہیں

سٹاک ایکسچینج میں تیزی، 100 انڈیکس نئی بلند ترین سطح پر بند

دن بھر کے دوران 56 ارب روپے مالیت کے 93 کروڑ شیئرز کا لین دین ہوا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے دوران ٹریڈنگ کا اختتام شاندار تیزی کے ساتھ ہوا۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز 100 انڈیکس 3 ہزار 748 پوائنٹس کے نمایاں اضافے کے بعد ایک لاکھ 84 ہزار 50 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ کاروبار کے دوران 100 انڈیکس کی بلند ترین سطح ایک لاکھ 84 ہزار 233 پوائنٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

بھارتی ریاست گجرات میں مزید مساجد، مزارات مسمار

مودی حکومت مسلمان مخالف ایجنڈے پر قائم، بدترین استحصال جاری

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بی جے پی حکومت میں اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں کا بدترین استحصال جاری ہے۔ مودی حکومت کی سرپرستی میں اقلیتوں کے بنیادی حقوق کی پامالی، ان پر بہیمانہ تشدد اور عبادت گاہوں کی مسماری معمول بن چکی ہے۔ بھارتی ریاست گجرات میں مزید مساجد اور مزارات مسمار کر دیے گئے۔ ہندوستان گزٹ کے مطابق بھارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

پریزن وین سے فرار قیدیوں میں سے تین نے خود کو پولیس کے حوالے کر دیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) عدالت سے واپسی پر پریزن وین سے فرار قیدیوں میں تین نے خود کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ تحصیل کچہری کھوٹہ سے پیشی کے بعد اڈیالہ جیل منتقلی کے دوران پولیس اہلکاروں کی آنکھوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

اسلام آباد پر نکلی پولیس پارٹی پر نامعلوم افراد نے فائر کھول دیا، کانسٹیبل زخمی

پولیس گشت پر آئی 14 سروس روڈ پر گشت کے دوران ایگل اسکواڈ پر فائرنگ کی گئی، اہلکار کو دائیں پاؤں پر گولی لگی

پولیس کی جانب سے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی، موقع سے شواہد جمع کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) تھانہ نون کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، ایک کانسٹیبل زخمی ہو گیا جسے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق تھانہ نون کے علاقے آئی 14 سروس روڈ پر گشت کے دوران ایگل اسکواڈ پولیس پارٹی پر نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر دی، فائرنگ کے نتیجے میں کانسٹیبل صالح محمد زخمی ہو گیا جسے فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

اسلام آباد، سپریم کورٹ کی جسٹس عائشہ ملک کے ہمراہ انٹرنیشنل جوڈیشل ورکشاپ کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

فون: 0333-5196088
0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

اداریہ

پنجاب گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ!

پنجاب حکومت نے زمین اور جائیداد کے ریکارڈ کو جدید، محفوظ اور شفاف بنانے کے لیے گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ متعارف کرایا ہے۔ یہ اقدام صدیوں پرانے فرد، رجسٹری اور کاغذی ریکارڈ کے نظام کو جدید ڈیجیٹل نظام سے تبدیل کرنے کی ایک بڑی کوشش ہے۔ اس سرٹیفکیٹ کا مقصد نہ صرف جائیداد کی ملکیت کی درست تصدیق کرنا ہے بلکہ جعل سازی، قبضہ مافیا، دوہری فروخت اور زمین سے متعلق تنازعات کا خاتمہ بھی ہے۔ یہ سرٹیفکیٹ پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کی جانب سے جاری کیا جاتا ہے اور اس میں جدید ڈیجیٹل تصدیق، بائیومیٹرک تصدیق، جی آئی ایس میپنگ اور کیو آر کوڈ جیسی سہولیات شامل کی گئی ہیں۔ گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ دراصل ایک ایسا سرکاری دستاویز ہے جو اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ متعلقہ زمین یا جائیداد کی ملکیت، حدود اور قانونی حیثیت سرکاری ریکارڈ کے مطابق درست ہے۔ اس میں ملکیت کی تمام معلومات پنجاب کے ڈیجیٹل لینڈ ریکارڈ سسٹم سے منسلک ہوتی ہیں، جس سے کسی بھی خریدار، بینک یا سرکاری ادارے کے لیے ملکیت کی تصدیق آسان ہو جاتی ہے۔ اس نئے نظام کا سب سے بڑا فائدہ شفافیت ہے۔ ماضی میں جعلی فرد، جعلی رجسٹری، ریکارڈ میں ردوبدل اور ایک ہی زمین کی متعدد افراد کو فروخت جیسے مسائل عام تھے، مگر گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ کے ذریعے ہر جائیداد کا ریکارڈ مرکزی ڈیجیٹل نظام میں محفوظ ہوگا اور بائیومیٹرک تصدیق کے بغیر ملکیت کی منتقلی ممکن نہیں ہوگی۔ دوسرا اہم فائدہ یہ ہے کہ اس سرٹیفکیٹ میں کیو آر کوڈ اور جدید حفاظتی خصوصیات شامل ہیں، جن کے ذریعے متعلقہ معلومات کی فوری تصدیق کی جا سکتی ہے۔ بینک، عدالتیں، سرکاری ادارے اور خریدار آسانی سے جان سکتے ہیں کہ جائیداد قانونی طور پر درست ہے یا نہیں۔ گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ سرمایہ کاری کے ماحول کو بھی بہتر بنا سکتا ہے۔ اس سے رئیل اسٹیٹ کے شعبے میں اعتماد بڑھے گا اور لین دین میں غیر ضروری تاخیر کم ہوگی۔ اس نظام کا ایک اور مثبت پہلو یہ ہے کہ عدالتی مقدمات میں کمی آ سکتی ہے۔ اگر ملکیت کا ریکارڈ واضح اور ناقابلِ تردید ہو تو بہت سے تنازعات ابتدا ہی میں ختم ہو سکتے ہیں۔ کسانوں کے لیے بھی اس نظام کے فوائد ہیں۔ اگر زرعی زمین کا ریکارڈ مکمل طور پر درست اور ڈیجیٹل ہو تو بینک قرضوں، زرعی سبسڈی اور حکومتی اسکیموں تک رسائی آسان ہو سکتی ہے، کیونکہ ملکیت کی تصدیق میں کم وقت لگے گا۔ تاہم اس منصوبے کے کچھ چیلنجز بھی ہیں۔ سب سے پہلے، پنجاب کے بہت سے دیہی علاقوں میں لوگوں کو ڈیجیٹل نظام کی مکمل آگاہی نہیں۔ بہت سے افراد اب بھی روایتی فرد اور رجسٹری کو زیادہ قابلِ اعتماد سمجھتے ہیں، اس لیے نئے نظام کو قبول کرنے میں وقت لگ سکتا ہے۔ دوسرا مسئلہ تکنیکی خرابیوں کا ہے۔ اگر سرور بند ہو جائیں، انٹرنیٹ دستیاب نہ ہو یا ڈیجیٹل ریکارڈ میں غلطی آ جائے تو جائیداد کی خرید و فروخت متاثر ہو سکتی ہے۔ اس لیے مضبوط آئی ٹی نظام اور بروقت تکنیکی معاونت ضروری ہوگی۔ ایک اور چیلنج پرانے ریکارڈ کی درست منتقلی ہے۔ اگر کاغذی ریکارڈ میں پہلے سے غلطیاں موجود ہوں تو وہ ڈیجیٹل نظام میں بھی منتقل ہو سکتی ہیں، جس سے تنازعات پیدا ہونے کا خدشہ برقرار رہے گا۔ اگرچہ گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ جعل سازی کو کم کرے گا، لیکن اس کی کامیابی کا انحصار صرف ٹیکنالوجی پر نہیں بلکہ ادارہ جاتی شفافیت، قانون کے مؤثر نفاذ اور اہلکاروں کی دیانت داری پر بھی ہوگا۔ اس نظام کے نفاذ کے لیے شہریوں کو متعلقہ اراضی ریکارڈ سینٹر میں درخواست دینا، شناخت کی بائیومیٹرک تصدیق کرانا، مطلوبہ فیس جمع کروانا اور قانونی جانچ کے مراحل سے گزرنا ہوتا ہے۔ منظوری کے بعد گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔ مجموعی طور پر گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ پنجاب میں اراضی کے انتظامی نظام میں ایک اہم اصلاح ہے۔ اگر اس پر مؤثر انداز میں عمل درآمد کیا گیا، ریکارڈ کو درست رکھا گیا اور عوام کو اس نظام سے آگاہ کیا گیا تو یہ منصوبہ زمین کے لین دین میں شفافیت، قانونی تحفظ اور سرمایہ کاری کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر سکتا ہے۔۔

سندھ طاس معاہدہ پاکستان کی لائف لائن!

سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بھارت کا مسلسل جو رویہ رہا ہے وہ بھی اسی بات کی عکاسی کرتا ہے کہ بھارت پاکستان کو اس کے حقوق دینے پر آمادہ نہیں ہے اور اگر پاکستان اپنے حقوق لینا چاہتا ہے تو اسے طاقت کے ذریعے بھارت کو یہ احساس دلانا ہوگا کہ ہمارے حقوق ہمارے لیے کس قدر اہمیت کے حامل ہیں۔ گزشتہ سال اپریل اور مئی کے مہینے میں بھارت نے وادیٔ کشمیر میں کیے جانے والے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کو بنیاد بنا کر جو تماشا شروع کیا اس کے جواب میں پاکستان نے پہلے تو یہ پیشکش کی کہ بین الاقوامی سطح پر اس واقعے کی تحقیقات کرالی جائیں، ہم ہر قسم کا تعاون کرنے کے لیے تیار ہیں۔ لیکن بھارت کو یہ بات سمجھ نہیں آئی اور پھر 10 مئی کو معرکۂ حق کی صورت میں جو کچھ ہوا وہ دنیا کی عسکری تاریخ میں ایک مثال کے طور پر محفوظ ہو گیا ہے اور اب دنیا کی ہر عسکری تربیت گاہ میں بھارت کی اس ہزیمت کی داستان پڑھائی جائے گی

اس واقعہ کے بعد بھارت کو بہت اچھی طرح اندازہ ہو گیا کہ وہ روایتی جنگ کے میدان میں پاکستان کا سامنا نہیں کر سکتا۔ پھر اس نے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے روایتی جنگ کے میدان میں اترنے کی بجائے دو حربے استعمال کیے: ایک طرف اس نے افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہوں اور تنظیموں کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کے سلسلے کو مزید آگے بڑھایا اور دوسری جانب یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل کر دیا۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں بھارت کے ایما پر افغانستان سے آنے والے دہشت گرد جو کارروائیاں کرتے ہیں ان پر قابو پانے کے لیے تو ہماری بہادر سیکورٹی فورسز اپنے حصے کا کردار ادا کر رہی ہیں لیکن سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے سلسلے میں پاکستان نے بین الاقوامی سطح پر اہم اداروں سے رابطے کیے جنھوں نے یہ واضح کر دیا کہ بھارت کا یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنا ایک غیر قانونی عمل ہے

اسی حوالے سے سوموار کو پاکستان ٹیلی ویژن کے اسلام آباد میں واقع مرکزی دفتر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک اور وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے بارے میں تفصیلی بات کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ گزشتہ ایک دو ماہ کے دوران سندھ طاس معاہدے کو بین الاقوامی سطح پر اٹھایا گیا۔ پاکستان کی معیشت، روزگار اور غذائی تحفظ کا بنیادی انحصار پانی اور زراعت پر ہے، اس لیے پاکستان اپنے آبی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ پاکستان بین الاقوامی سطح پر بھی اپنے موقف کو مؤثر انداز میں اجاگر کر رہا ہے اور آئندہ عالمی کانفرنس میں انڈس واٹر ٹریٹی، بین الاقوامی قوانین اور زیریں علاقوں میں واقع ممالک کے آبی حقوق کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان کی 40 سے 50 فیصد آبادی کا ذریعۂ معاش زراعت ہے جبکہ قومی معیشت کا 20 سے 25 فیصد حصہ بھی زراعت سے وابستہ ہے۔ انھوں نے دو ٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ جو ہمارے پانی پر ہاتھ ڈالے گا ہم وہ ہاتھ ہی کاٹ دیں گے۔

اسلام آباد میں ہی گزشتہ روز سندھ طاس معاہدے پر بین الاقوامی سیمینار منعقد ہوا جس میں وفاقی وزراء، سیاسی رہنماؤں، ماہرین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ مسئلہ پانی کی عدم دستیابی یا زیادہ بہاؤ نہیں بلکہ پانی کے کنٹرول کا ہے، مرالہ ہیڈ ورکس پر ایک دن پانی بہت کم تو دوسرے دن سیلابی صورت میں بھارت سے آتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بھارت نہ صرف ہمارے پانی کے بہاؤ کو کنٹرول کرتا ہے بلکہ دنیا کا تیسرا آلودگی پھیلانے والا ملک بھی ہے۔ بھارت کی وجہ سے ہمارے 6 ہزار لوگ جاں بحق اور ہزاروں زخمی ہو چکے ہیں۔ مصدق ملک کا کہنا تھا کہ سندھ طاس معاہدہ دنیا کے مضبوط ترین معاہدوں میں سے ایک ہے، یہ معاہدہ دو ہمسایہ ملکوں کے درمیان تین جنگوں میں بھی قائم رہا، اگر یہ مضبوط ترین معاہدہ قائم نہ رہا تو پھر دنیا کا کوئی بھی معاہدہ قائم نہیں رہ سکتا۔

سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انڈس واٹر کمشنر مہر علی شاہ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ صرف ایک دستاویز نہیں بلکہ 24 کروڑ پاکستانیوں کی زندگی کا معاملہ ہے۔ اس معاہدے سے ہماری زراعت، خوراک اور معیشت جڑی ہوئی ہے اور یہ معاہدہ دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان کشیدگی کے خاتمے اور امن کے لیے ہے۔ مہر علی شاہ نے کہا کہ اگر معاہدے کے تحت مسائل حل نہ ہوں تو معاملہ ثالث کے پاس جاتا ہے اور شق 9 کے تحت معاملہ عالمی ثالثی عدالت کے پاس بھی لے جایا جا سکتا ہے۔ پاکستان متنازعہ بھارتی بجلی گھر کے معاملات پر دو بار ثالثی عدالت سے رجوع کر چکا ہے اور عالمی ثالثی عدالت دو بار معاہدے کی وضاحت بھی کر چکی ہے۔ ثالثی عدالت واضح کر چکی ہے کہ بھارت معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کر سکتا اور عدالت نے بھارت کو مغربی دریاؤں کے بہاؤ میں خلل نہ ڈالنے کی ہدایت بھی کی ہے۔

اس موقع پر عالمی ماہرِ قانون احمر بلال صوفی نے کہا کہ بھارت کا سندھ طاس معاہدے کو غیر فعال حالت میں رکھنا غیر قانونی ہے مذکورہ سیمینار میں یقیناً اہم قانونی اور تزویراتی نکات پر بات بھی کی گئی اور ان کی اہمیت کو بھی واضح کیا گیا لیکن بھارت کے رویے سے یہ بات واضح ہو رہی ہے کہ یہ مسئلہ محض بات چیت سے حل نہیں ہوگا۔ ازمنۂ قدیم سے یہ بات ایک اصول کے طور پر تسلیم شدہ ہے کہ کسی ریاست یا خطے کا پانی روکنے کا مطلب جنگ کا اعلان کرنا ہے۔ پاکستان کو یہی بات اقوامِ متحدہ سمیت ہر عالمی اور بین الاقوامی فورم پر بار بار کرنی چاہیے کہ بھارت نے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کر کے پاکستان کے خلاف اعلانِ جنگ کیا ہے جس کے نتائج بہت خطرناک بھی ہو سکتے ہیں۔

عوام کی مفلوک الحالی کا کچھ کریں

پاکستان سفارتی میدان میں عظیم فاتح کے طور پر اپنا آپ منوا چکا ہے امریکہ ایران جنگ بندی کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کے بعد حتمی جنگ بندی کے معاملات طے کرنے میں مصروف ہیں۔ اسرائیل لبنان اور امریکہ بھی مل بیٹھ کر معاملات طے کر چکے ہیں کہیں کہیں ہلکی پھلکی بمباری بھی ہو رہی ہے جنگ بندی فارمولے کی تشریح پر اختلاف کے باعث ٹھاہ ٹھاہ بھی ہو جاتی ہے لیکن مجموعی طور پر معاملات اَمن کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ آبنائے ہرمز کھل گئی ہے ایران پر پابندیاں ختم ہو رہی ہیں اس کے منجمد اثاثے بحال ہونے جا رہے ہیں ایران کی تعمیرِ نو کی باتیں ہو رہی ہیں۔ مشرق وسطیٰ تبدیلی کے دھانے پر کھڑا ہے، نئے اتحاد تشکیل پا رہے ہیں پاکستان کی بے جے ہو رہی ہے۔ ماشاء اللہ

اندرون ملک حکومت اور عوام کے درمیان عدم اعتماد بڑھتا چلا جا رہا ہے جنگ بندی کے بعد پٹرولیم مصنوعات کی عالمی مارکیٹ میں قیمتیں تیزی سے کم ہو رہی ہیں عامۃ الناس خوش تھے پاکستان کی سفارتی فتوحات پر۔ انہیں یقین دلایا گیا تھا کہ جونہی عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہونگی ویسے ہی انہیں ریلیف مہیا کر دیا جائے گا۔ ویسے ہمارے حکمران قیمتیں بڑھاتے وقت، قیمتیں بڑھانے سے پہلے اس طرح کا اعلان نہیں کرتے تھے ادھر قیمتوں میں اضافے کی خبر آتی تھی اِدھر وہ پاکستان میں قیمتوں میں اضافہ کر دیتے تھے، حالانکہ ہمارے ہاں 28 دِنوں کا بفر سٹاک موجود ہوتا ہے یعنی 28 دنوں کی طلب کو پورا کرنے کا سٹاک موجود ہوتا ہے، لیکن ہمارے حکمرانوں نے قیمتیں بڑھانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا، قیمتیں بڑھانے کے بعد تاویلیں پیش کرتے تھے۔ حکومت ٹیکس وصولیوں کے اہداف پورے کرنے میں کامیاب نہیں ہو رہی تھی جنگ کی آڑ میں انہوں نے پٹرولیم لیوی بڑھا کر وصولیاں کیں اور ٹیکس وصولیوں کے اہداف کو کسی نہ کسی حد تک پورا کرنے کی سعی کی۔ اب عوام توقع کر رہے ہیں کہ جنگ کے خاتمے اور عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ انہیں ملے گا، لیکن حکمران اس حوالے سے بہت زیادہ سنجیدہ نظر آ رہے ہیں۔ 28 فروری 2026ء جب جنگ شروع ہوئی تو عالمی منڈی میں پٹرول 72 ڈالر فی بیرل تھا اور ہمارے ہاں پٹرول کی فی لٹر قیمت 252 روپے تھی اب عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمت 70 ڈالر سے بھی نیچے جا چکی ہے اور جب یہ کالم چھپے گا تو قوی اُمید ہے کہ یہ قیمت اور بھی نیچے جا چکی ہوگی، لیکن ہمارے ہاں پٹرول کی قیمت ابھی تک 300 روپے فی لٹر کی سطح پر ہے عوام ابھی تک 50 روپے فی لٹر جگا ٹیکس کی صورت میں حکمرانوں کے خزانے میں ڈال رہے ہیں۔ اطلاعات ہیں کہ حکومت نے ریفائنری ایسوسی ایشن کی درخواست پر قیمتوں میں کمی نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ ان کے منافع میں کمی نہ ہو۔ عوام کا کیا ہے وہ تو کچھ بھی نہیں کر سکتے۔

بجٹ 2026-27ء میں بھی حکومت کچھ اسی قسم کا مظاہرہ کر چکی ہے حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے یہ اضافہ سرکاری طور پر تسلیم شدہ افراطِ زر سے کہیں کم ہے، مہنگائی کی شرح سے کم اضافہ مذاق نہیں تو اور کیا ہے۔ گویا لوگوں کی آمدنیاں، سرکاری ملازمین بشمول حاضر سروس و ریٹائرڈ کی آمدنیوں میں کمی واقع ہو گئی ہے حکمرانوں کو اس سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ پنجاب حکومت نے تو پنشنروں کے ساتھ اور بھی زیادہ ظلم کا رویہ اختیار کیا ہے پنشنوں میں 5,3 فیصد اضافہ مذاق نہیں، بلکہ ان کے منہ پر طمانچہ ہے گویا ریٹائرڈ ملازمین انسان نہیں ہیں۔ سرکاری ملازمین سراپا احتجاج ہیں اب پٹرول کی قیمتوں میں عالمی منڈی میں قیمتوں کی کمی کے حوالے سے کمی نہ کر کے حکومت نے عام شہری کو بھی مایوس کر دیا ہے، لوگوں کے دِلوں میں حکومت کی مخالفت بڑھ رہی ہے لیکن حکومت کو اِس حوالے سے کوئی خاص فکر نہیں ہے وہ تو سفارتی محاذ پر اپنی فتوحات کے نشے میں معمور نظر آ رہی ہے اسے عوامی مشکلات اور مسائل سے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہے۔ حکمرانوں کے بارے میں تاثر پختہ ہوتا چلا جا رہا ہے کہ یہ لوگ یہ طبقہ صرف اشرافیہ اور مالداروں کے ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے۔ انڈی پینڈنٹ

پاور پروڈیوسرز کے حوالے سے حکمرانوں کا رویہ ہمارے سامنے ہے پوری قوم توانائی بحران میں جکڑی ہوئی ہے، بجلی کے بلند ترین ریٹس نے نہ صرف عوام کو بلکہ پوری معیشت کو جکڑا ہوا ہے۔ بجلی کی بلند ترین قیمتوں کے باعث پیداواری لاگت بڑھ چکی ہے بلند پیداواری مصارف کے باعث اشیاء کی قیمتیں بلندی پر ہیں، بلند مصارف پیداوار کے باعث برآمدات مہنگی ہیں اور عالمی مارکیٹ میں ہماری اشیاء مقابلہ نہیں کر پاتی ہیں نتیجتاً ہماری برآمدی آمدنی بڑھ نہیں پا رہی۔ ہمارا توازن تجارت عدم توازن کا شکار رہتا ہے۔ عوام کی تو بس ہو گئی ہے معیشت بدحالی کا شکار ہے یہ سب کچھ نالائقی کا ہی کمال ہو سکتا ہے تاثر یہی ہے کہ ہمارے حکمران بدنیت اور عوام دوست نہیں ہیں۔ حکمرانوں کے بیانات پر نہ جائیں ان کی میٹھی میٹھی باتیں اپنی جگہ، لیکن عملاً کیا ہوا ہے اور کیا ہو رہا ہے۔ ملک قرضوں کے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے ٹیکس آمدنی کا نصف سود اور اصلی زر کی ادائیگی میں اُٹھ جاتا ہے۔ دفاع اور این ایف سی کے تحت صوبوں کو ادائیگی کے بعد کچھ باقی نہیں بچتا نتیجتاً مزید قرض لینے کی صورت میں نکلتا ہے کاروباری ریاستی اداروں کو زندہ رکھنے کے لئے بھی اربوں روپے خرچ کرنا پڑتے ہیں ایسے ادارے جنہیں نفع اندوزی کے لئے قائم کیا گیا تھا آج انہیں زندہ رکھنے کے لئے پلے سے خرچ کرنا پڑتا ہے۔ سرکلر ڈیٹ یعنی شعبہ توانائی کا گردشی قرضہ ایک جونک کی طرح چمٹا ہوا ہے یہ طبقہ صرف اشرافیہ اور مالداروں کے ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے۔ انڈی پینڈنٹ

دوریوں کے زخم!

اذیت بھرے واقعات ہیں کہ تھمنے کا نام نہیں لے رہے۔ دُکھ کی انی ہے کہ ہر روز چبھتی ہے ابھی اس خبر سے دِل مغموم تھا کہ ایک غریب باپ ملتان کے قبرستان میں اپنے جوان بیٹے مظہر الاسلام کی نعش بغیر کفن کے دفنانے پہنچ گیا، کیونکہ اس کے پاس کفن کے پیسے نہیں تھے۔ یہ خبر مقامی تھانہ لوہاری گیٹ تک پہنچی تو پولیس والوں نے پیسے جمع کر کے کفن دفن کا اہتمام کیا۔ اس خبر کے زخم ابھی تازہ ہی تھے کہ راؤ مظہر الاسلام ایک اور جگر خراش داستان لے آئے۔ یہ داستان بھی ایک نعش کو دفنانے سے متعلق تھی، مگر اس کے پس پردہ جو کہانی راؤ مظہر الاسلام نے سنائی، دِل پاش پاش ہو گیا۔ راؤ مظہر السلام میرا شاگرد ہے، ملتان کا ایک معروف سیاسی و سماجی رہنما ہے۔ نت نئے فلاحی منصوبے بناتا اور اپنے وسائل سے اُن پر عمل کراتا رہتا ہے۔ لوگ اُس کی خدمات کو مانتے بھی ہیں اور سراہتے بھی ہیں۔ کل اُس نے اپنے احباب کو ایک ایسا واقعہ سنایا کہ زندگی سے اعتبار اُٹھ گیا، رشتوں کی قلعی کھل گئی اور انسانیت زندہ درگور ہو گئی۔ انہوں نے ایمرسن کالج جوہاب یونیورسٹی بن چکا ہے، کے ایک سابق پروفیسر حسام الدین قریشی کی بے یارو مددگار حالت میں موت کا ایک ایسا دردناک منظر پیش کیا کہ اپنے آپ سے شرم آنے لگی کیا ہم اس دور میں زندہ ہیں، جس میں انسان کی سوچ جانوروں سے بھی بدتر ہو گئی ہے۔ اس دردناک کہانی کے مطابق پروفیسر حسام الدین قریشی کے بچے جن میں ایک بیٹا اور تین بیٹیاں ہیں، اپنی ماں کے ساتھ امریکہ میں مقیم ہیں۔ بیٹے کو اعلیٰ تعلیم کے لئے امریکہ بھیجا تھا وہ تعلیم کے بعد وہیں سیٹل ہو گیا، تین بیٹیاں بھی وہاں گئیں اور مستقل آباد ہو گئیں۔ اُن کے ساتھ والدہ بھی چلی گئیں، بیٹے نے وہاں شادی کر لی۔ پروفیسر حسام الدین قریشی بیوی کے جانے پر امریکہ جانے کے لئے آمادہ ہو گئے۔ امریکہ میں بیٹے نے انہیں چند دن اپنے پاس رکھا اور پھر انہیں اولڈ ہوم میں داخل کرا دیا۔ اولڈ ہوم کی پابند زندگی پروفیسر حسام الدین قریشی کے لئے چند دِنوں میں ہی عذاب بن گئی، انہوں نے پاکستان واپس آنے کا فیصلہ کر لیا۔ وہ پاکستان واپس آ گئے اور اکیلے گھر میں رہنے لگے، گھر کے ساتھ ہی اُن کی ایک دکان تھی، جو انہوں نے کرائے پر دے رکھی تھی کہ جس دن وہ گھر سے باہر نہ آئیں تو دروازہ کھٹکھٹا کر خیریت پوچھ لینا۔ اس محرم الحرام کی وجہ سے دکاندار نے دکان بند رکھی، درمیان میں جمعہ بھی تھا اس لئے خیریت معلوم کرنے کا یہ سلسلہ رُک گیا۔ اسی دوران پروفیسر حسام الدین قریشی گھر کے چھوٹے سے صحن میں نجانے کس وقت انتقال کر گئے۔ اُدھر امریکہ میں اُن کی اہلیہ کو فون پر بات نہ ہونے سے پریشانی ہوئی۔ عزیز و اقارب کو فون کئے کہ جا کر پتہ کریں۔ وہ آئے تو انہوں نے دکاندار سے پوچھا، اُس نے کہا دروازہ کھٹکھٹایا تھا۔ پروفیسر صاحب نے کھولا نہیں انہوں نے دو تین بار دستک دی، نہ کھلا، اندر سے بُو آ رہی تھی۔ دروازہ توڑ کر اندر گئے تو وہاں پروفیسر حسام الدین قریشی کی مسخ شدہ نعش پڑی تھی۔ پولیس کو اطلاع دی گئی وہ آئی تو نعش کی نصف زدہ حالت دیکھ واپس چلی گئی، پھر ایدھی فاؤنڈیشن والوں سے رابطہ قائم کیا گیا تو انہوں نے کہا پولیس اگر اس نعش کو لاوارث لکھ دے تو وہ تدفین کر دیں گے۔ پولیس والوں نے نعش کو لاوارث قرار دینے سے انکار کر دیا، کیونکہ اُن کی پہچان اور عزیز و اقارب تو دنیا میں موجود تھے۔ راؤ مظہر الاسلام نے صفائی کرنے والے خاکروبوں سے نعش اٹھوانے کی کوشش کی، مگر وہ بھی نعش کی حالت دیکھ کر غائب ہو گئے۔

کافی وقت گزر جانے کے بعد علاقے کی مسجد خطراء کے پیش امام مولا خالد سعیدی نے جو سکول کے مدرس بھی ہیں، اپنے شاگردوں کے ساتھ مل کر مسخ شدہ نعش نکالی، پانی ڈال کے غسل دیا، کفن پہنایا اور نمازِ جنازہ خود پڑھائی، جس میں کل چار افراد تھے۔ قاری صاحب کو پروفیسر حسام الدین

قریشی کے بیٹے کا فون آیا۔ کہا وہ جلد آ کر آپ کا شکریہ ادا کرے گا۔ قاری صاحب نے کہا جب باپ زندہ تھا، تب تو آئے نہیں، اب تو صرف جائیداد بیچنے کے لئے آؤ گے، میرے شکریے کی ضرورت نہیں۔ کہنے کو یہ ایک خاصہ ہے مگر درحقیقت یہ ہمارے اخلاقی سماجی زوال کی ایک بہت گھمبیر داستان ہے۔ یہ واقعات عہد جدید کے زوال کی نشانیاں ہیں۔ ایک زمانہ تھا اور وہ کوئی بہت پرانا زمانہ نہیں تھا کہ بچے اپنے والدین پر جان چھڑکتے تھے اب تو ایسے گھناؤنے واقعات بھی سامنے آ چکے ہیں کہ بیٹے یا بیٹیوں نے اپنے والد کو جائیداد پر قبضے کے لئے مار دیا۔ لاہور میں ایک معروف ہسپتال کے مالک ڈاکٹر کی بیٹے کے ہاتھوں موت تو حالیہ زمانے کی بات ہے پھر ذرا لاہور یا کسی بڑے شہر کے اولڈ ہوم میں پڑے بزرگوں کی کہانیاں تو سنیں۔ انہوں نے اپنی زندگی جن بچوں کی زندگی سنوارنے میں صرف کر دی، وہ انہیں بڑھاپے کے وقت اولڈ ہوم میں چھوڑ گئے۔ اتنا بھی نہ سوچا کہ جب وہ چھوٹے تھے تو انہیں اگر یہ والدین کسی یتیم خانے میں چھوڑ جاتے تو انہیں کیسا لگتا اُن پر کیا گذرتی، اب تو یہ بات عام ہوتی جا رہی ہے کہ کوئی بچہ اگر ملک سے باہر خصوصاً یورپ یا امریکہ چلا گیا ہے تو آپ اسے بھول جائیں۔ اُس نے واپس نہیں آنا اور نہ مستقل والدین کو اپنے پاس بلانا ہے، چند ہفتوں کی ملاقات کے لئے جا سکتے ہیں، پھر انہیں لوٹ کر اپنے ملک ہی آنا ہے۔ مردوں کا یہ المیہ ہے کہ وہ ان بچوں کی محتاجی قبول نہیں کرتے، جنہیں پال پوس کر جوان کیا ہو۔ وہ جب اپنی بیگمات کو راضی کرنے کے لئے اپنے ولدین کو ناراض کرتے ہیں تو یہ بات شیر کی طرح لگتی ہے۔ یہ درست ہے کہ سب کے بارے میں یہ بات نہیں کی جا سکتی۔

یہ کہنا بہت آسان ہے کہ دنیا گلوبل ولیج بن گئی ہے، حالات و روایات کا فرق تو بہرطور موجود رہتا ہے میں ایسے کئی دوستوں کو جانتا ہوں، جو عمر رسیدہ ہونے کے باوجود جب اپنے بچوں کو ملنے یورپ یا امریکہ جاتے ہیں تو بہت جلد واپس آ جاتے ہیں اکثر کا شکوہ یہی ہوتا ہے کہ وہاں تنہائی کا شکار رہتے ہیں۔ کسی پارک میں بیٹھ جاتے ہیں یا کسی سڑک کنارے رکھے بنچ پر بیٹھ کے رونق دیکھتے ہیں لیکن اندر سے وقت نہیں ہوتا، بچوں کے پاس مصروف زندگی کی وجہ سے وقت نہیں ہوتا، ویک اینڈ پر بھی وہ زیادہ وقت نہیں دے پاتے، کیونکہ انہیں اپنے بچوں اور بیوی کو بھی وقت دینا ہوتا ہے۔ یوں اجنبیت کی ایک دیوار حائل رہتی ہے اور انسان واپس لوٹ آتا ہے۔ کوئی مانے نہ مانے یہ ایک معاشرتی المیہ ہے اور ہم اُس کی بری طرح زد میں ہیں۔

فن و ثقافت

ایشوریہ رائے کا گانا بھارت کی نصابی کتاب میں شامل، نیا تنازع سامنے آگیا

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی ریاست اڑیسہ میں آٹھویں جماعت کی نصابی کتاب میں بالی ووڈ فلم کے معروف گانے ''نمبو ڈا نمبو ڈا'' کو شامل کیے جانے پر شدید تنازع سامنے آ گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر کتاب کے صفحات وائرل ہونے کے بعد والدین، اساتذہ اور ماہرینِ تعلیم نے نصاب کی تیاری پر سوالات اٹھاتے ہوئے حکام سے وضاحت کا مطالبہ کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت تیار کی گئی آٹھویں جماعت کی آرٹ ایجوکیشن کی کتاب ''کیرتی'' کے ایک باب میں 1999 کی بالی ووڈ فلم ''ہم دل دے چکے صنم'' کے مقبول گانے ''نمبو ڈا، نمبو ڈا'' کے مکمل بول شائع کیے گئے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ کتاب میں اس گانے کو راجستھانی لوک گیت کے طور پر پیش کیا گیا ہے، حالانکہ یہ فلم میں اداکارہ ایشوریہ رائے اور سلمان خان پر فلمایا گیا تھا۔

جوا ایپس تشہیر کیس: عروب جتوئی کی قبل از گرفتاری ضمانت پر فیصلہ جاری

لاہور (پی این پی) جوا ایپس پروموشن کیس میں یوٹیوبر عروب جتوئی کی قبل از گرفتاری ضمانت کی درخواست پر عدالت نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ ایڈیشنل اینڈ سیشن جج نصرت علی صدیقی نے وکلا کے دلائل سننے کے بعد دو صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ ملزمہ کی جانب سے ایڈووکیٹ عثمان لطیف، ایڈووکیٹ برہان الدین، بیرسٹر امرت شیخ، ایڈووکیٹ آفتاب ظفر نے دلائل پیش کئے۔ تحریری فیصلہ میں لکھا گیا کہ عدالت یوٹیوبر عروب جتوئی کی قبل از گرفتاری ضمانت منظور کرتی ہے، ملزمہ کی 1 لاکھ مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی جاتی ہے۔ عدالت نے تحریری فیصلہ میں لکھا عروب جتوئی کا نام پہلے ایف آئی آر میں نہیں تھا، ملزم سعد الرحمان کی فرانزک رپورٹ آنے کے بعد مقدمے میں شامل کیا، این سی سی آئی اے کے جانب سے عروب جتوئی کے خلاف کوئی ثبوت یا درخواست گزار کا خصوص کردار سامنے نہیں لایا گیا

کروڑوں کی دولت مادی چیز ہے اس سے خوشی نہیں مل سکتی، وِل اسمتھ

نیویارک (پی این پی) ہالی ووڈ کے لیجنڈ اداکار وِل اسمتھ نے کہا ہے کہ اگر دنیا بھر کی چیزیں آپ



ہے۔











































































ویمنز انڈر 21 ہاکی چیمپئن شپ 2026 شروع

ملک میں جاری شدید گرمی اور سخت موسم کے پیشِ نظر کھلاڑیوں کی سہولت کے لیے میچز کے دورانیے میں تبدیلیاں کی گئی ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام اسکا بیٹریز، پی ٹی سی ایل اور پارکو کے تعاون سے نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم اسلام آباد میں 2 جولائی تا 9 جولائی کھیلے جانے والا پرائم منسٹر نیشنل ویمنز انڈر۔21 ہاکی چیمپئن شپ 2026 کے میچز شیڈول کا باضابطہ اعلان ہوگیا۔ اوپنگ میچ آج سے ہورہا ہے ملک میں جاری شدید گرمی اور سخت موسم کے پیشِ نظر کھلاڑیوں کی سہولت کے لیے میچز کے دورانیے میں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ جو کہ ٹیم منیجرز کی متفقہ مشاورت کے بعد اعلان کردیا جائے گا۔ ایونٹ میں ڈسپلن کو برقرار رکھنے کے لیے قوانین کے مطابق احتجاج کا طریقہ کار بھی واضح کیا گیا ہے۔ کسی بھی فیصلے کے خلاف ٹیم منیجر مقررہ وقت کے اندر تھوس دستاویزی شواہد مقررہ فیس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

آصفہ بھٹو کی جنوبی کوریا کی نئی وزیر اعظم کو مبارکباد

اسلام آباد (صباح نیوز) خاتونِ اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

آپریشن سندور پر نریندر مودی حکومت کی غلط بیانی بے نقاب

نئی دہلی (آئی این پی) آپریشن سندور سے متعلق بھارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلحہ کا حق اندرونی معاملہ، یہ لبنان کی ضرورت بھی ہے، ابراہیم کنعان

جنگ کے بعد کی صورتحال میں لبنان کے تحفظ کیلئے ضروری ہے، سربراہ بجٹ کمیٹی

بیروت (آئی این پی) لبنان کی پارلیمانی فنانس و بجٹ کمیٹی کے سربراہ ابراہیم کنعان نے صدر جوزف عون سے ملاقات کی، جس میں واشنگٹن ڈی سی میں اسرائیل کے ساتھ طے پانے والی جنگ بندی اور آئندہ حکومتی حکمتِ عملی پر بات چیت کی گئی۔ لبنانی صدراتی دفتر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ کے ذریعے کنعان کے حوالے سے کہا کہ ریاست کا اسلحہ رکھنے کا حق ایک لبنانی معاملہ ہے اور خصوصاً جنگ کے بعد کی صورتحال میں لبنان کے تحفظ کے لیے ضروری ہے۔ ابراہیم کنعان نے مزید کہا کہ اس ملاقات کے بعد صدر کے اہداف کے لیے ان کا یقین اور وابستگی مزید مضبوط ہوئی ہے، جن میں سرفہرست بین الاقوامی سرحدوں کے مطابق پورے علاقے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

آئی ایس ایس آئی اور (پیدار) صومالیہ کے یومِ آزادی کی یاد میں تقریب

دونوں ممالک کے اداروں کے درمیان مشغولیت میں مزید اضافہ ہوگا، مقررین

اسلام آباد (پ ر) انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) کے سینئر افغانستان، مڈل ایسٹ اینڈ افریقہ (کیمیا) نے پاکستان افریقہ انسٹی ٹیوٹ فار ڈیولپمنٹ اینڈ ریسرچ (پیدار) کے اشتراک سے صومالیہ کے یومِ آزادی کی یاد میں ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب کا آغاز پاکستان اور صومالیہ کے قومی ترانوں سے ہوا۔ مقررین میں سفیر خالد محمود، چیئرمین بورڈ آف گورنرز، آئی ایس ایس آئی؛ سفیر شیخ نور محمد حسن، پاکستان میں صومالیہ کے سفیر؛ سفیر اقصیٰ نواز، جبوتی میں پاکستان کی سفیر، جو صومالیہ کے لیے بھی تعینات ہیں، اور ڈاکٹر آمنہ خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

تجاوزات وغیر قانونی تعمیرات کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، چیئرمین CDA

بحرین کے سفارتخانے کیلئے اراضی فراہم کرنے میں تعاون کریں گے، سہیل اشرف کی سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی بدھ کے روز بحرین کے سفیر محمد ابرہیم محمد عبد القدیر سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ملاقات ہوئی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے بحرین کے سفیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ٹیلی نار باضابطہ طور پر پی ٹی ایم ایل میں ضم کردیا گیا

کمپنی اور پاکستان کی ٹیلی کام انڈسٹری کے لیے ایک فیصلہ کن لمحہ ہے، حاتم بامطرف

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ٹیلی نار پاکستان جولائی 2026 سے باضابطہ طور پر پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) (یونون 5G) میں ضم کردیا گیا ہے، جس کے ساتھ ہی ملک کی ٹیلی کمیونی کیشن کی تاریخ کا ایک اہم ترین انضمامی معاہدہ مکمل ہوگیا ہے۔ یہ انضمام اسلام آباد ہائی کورٹ سے آخری قانونی منظوری موصول ہونے کے بعد عمل میں آیا، جبکہ اس عمل میں متعدد ریگولیٹری اور قانونی اداروں نے مرحلہ وار حصہ لیا۔ اس کے بعد ٹیلی نار پاکستان کا ایک علیحدہ قانونی ادارے کی حیثیت سے پاکستان سے وجود ختم ہوگیا ہے۔ اس پیش رفت کے بعد ٹیلی نار پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

گورنر فیصل کنڈی کی افریقی سرمایہ کاروں کو خیبر پختونخوا میں سرمایہ کاری کی دعوت

وزارتِ خارجہ افریقی ممالک کیساتھ روابط کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کریگی

دوستی کو مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کرنا ہوگا: صدر آئی سی سی آئی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے زیر اہتمام ''افریقہ ڈے 2026'' کی ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس میں مختلف افریقی ممالک کے سفیروں، ہائی کمشنرز، اعلیٰ سرکاری حکام، سفارت کاروں، کاروباری رہنماؤں اور افریقی مشنز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد پاکستان اور افریقی ممالک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ایف پی سی سی آئی کا وزیر خزانہ اورنگزیب سے استعفیٰ کا مطالبہ

ملک کو ماہر معاشیات وزیر خزانہ کی ضرورت ہے، جو بینکوں کے کارٹل کو توڑ سکے، ناصر خان

اسلام آباد (آئی این پی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے (ایف پی سی سی آئی) نے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کردیا۔ ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر ناصر خان نے جاری بیان میں کہا ہے کہ ملک کو اس وقت ایک ماہر معاشیات وزیر خزانہ کی ضرورت ہے، جو بینکوں کے کارٹل کو توڑ سکے۔ ناصر خان نے وزیر خزانہ سے استعفیٰ کا مطالبہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ بینکوں کی پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں ٹیکس نیٹ میں اضافہ نہیں ہو رہا۔ ناصر خان کے مطابق بینک مناسب جانچ پڑتال اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

دعوت نیاز علیم کے موقع پر سید امتیاز الحق بخاری، ڈاکٹر سلیم حیدر عمران عزیز، و دیگر کا گروپ فوٹو

ڈی سی مری آغا ظہیر شیرازی سے ڈائریکٹر کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کی ملاقات

منشیات کے خلاف مؤثر کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے، آغا ظہیر عباس شیرازی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی سے ضلع مری میں نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر کاؤنٹر نارکوٹکس فورس سی این ایف کرنل مراد علی نے ان کے دفتر میں ملاقات کی ملاقات کے دوران ضلع مری میں منشیات کی روک تھام، نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے محفوظ رکھنے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان باہمی تعاون اور مشترکہ حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کرنل مراد علی کو بطور ڈائریکٹر کاؤنٹر نارکوٹکس فورس تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

امریکا کا لیبیا میں اتحاد بحالی کی کوشش کی حمایت کا اعلان

لیبیائی نیشنل آرمی کے نائب کمانڈر صدام حفتر سے ملاقات، باہمی امور پر گفتگو

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا نے لیبیا میں اتحاد کی بحالی کی کوششوں کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ بات امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے گزشتہ روز واشنگٹن میں لیبیائی نیشنل آرمی کے نائب کمانڈر صدام حفتر سے ملاقات کے بعد سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہی۔ انہوں نے کہا کہ امریکی انتظامیہ لیبیا میں اتحاد کی بحالی کی کوششوں کی حمایت کے لئے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھے گی۔ امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ انہوں نے لیبیائی نیشنل آرمی کے نائب کمانڈر صدام حفتر سے ملاقات کے دوران لیبیا کی فوج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

طوفانی بارش نے بلدیہ گوجر خان کی کارکردگی کا پول کھول دیا

قیمتی سامان کے نقصان کا سامنا، شہریوں کا کمشنر راولپنڈی سے نوٹس کا مطالبہ

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان میں طوفانی بارش نے بلدیہ گوجر خان کی کارکردگی کا پول کھول دیا، بازار اور گلیاں گندے پانی کے جوہڑ میں تبدیل، نکاسی نہ ہونے کی وجہ سے مکینوں کی مشکلات میں اضافہ، قیمتی سامان کے نقصان کا سامنا، شہریوں کا کمشنر راولپنڈی سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گوجر خان شہر میں موسلا دھار طوفانی بارش نے بلدیہ گوجر خان کی نالہ صفائی ٹیم کی کارکردگی کا پول کھول دیا شہر سے گزرنے والے نالے اور نالیوں کی صفائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

حاجی ظفر اقبال کی ہمشیرہ وفات پاگئیں، اہل علاقہ سمیت لیگی کارکنوں کی کثیر تعداد میں شریک

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) مسلم لیگ ن سعودی عرب کے شہر ریجن طائف کے صدر حاجی ظفر اقبال کی چھوٹی ہمشیرہ اس جہاں فانی سے رخصت ہوچکی ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

کرم شیر بھنڈر کے مکین پانی جیسی بنیادی سہولت سے محرومی کے خلاف سراپا احتجاج

دومیل جنڈ (بیورو رپورٹ) جنڈ کے نواحی گاؤں کرم شیر بھنڈر کے مکین پانی جیسی بنیادی سہولت سے محرومی کے خلاف سراپا احتجاج تفصیلات کے مطابق جنڈ کے مضافاتی آبادی کرم شیر بھنڈر کے مکین پانی جیسی بنیادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

تنہائی سالانہ 8 لاکھ سے زائد اموات کا سبب بن رہی ہے، عالمی ادارہ صحت

اسلام آباد (آئی این پی) عالمی ادارہ صحت کی حالیہ رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں ہر سال 8 لاکھ سے زائد افراد تنہائی کے باعث جان کی بازی ہار جاتے ہیں۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ تنہائی اور سماجی تعلقات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

گوجر خان میں انڈر پاسز پروجیکٹ پر کام کا آغاز

طلبہ کی طرف سے وزیر اعلیٰ مریم نواز کے میگا منصوبے کی منظوری پر مسرت کا اظہار

گوجر خان (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے گوجر خان میں انڈر پاسز پروجیکٹ پر کام کا آغاز، مقامی تاجروں وکلاء طلبہ طالبات و کمیونٹی کی طرف سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے میگا منصوبے کی منظوری پر مسرت کا اظہار، سوموار سے منصوبے پر کام کے آغاز کے لئے ہیوی مشینری پہنچنا شروع، تفصیلات کے مطابق گوجر خان سٹی کو ٹریفک حادثات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان خنصر ظہور گورائیہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پمز ہسپتال پارکنگ میں چوریاں کرنیوالے "مکھی گینگ" کے کارندے گرفتار

پولیس ٹیم نے ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ 8 قیمتی موبائل فون اور نقدی برآمد کرلی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس تھانہ کراچی کمپنی کی موثر کارروائی۔ پمز ہسپتال کی پارکنگ میں مریضوں کے لواحقین کی قیمتی اشیاء چوری کرنے والے "مکھی گینگ" کے دو ملزمان گرفتار، ملزمان کیخلاف مقدمہ درج ہے، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ کراچی کمپنی نے موثر کارروائی کرتے ہوئے پمز ہسپتال کی پارکنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد چیمبر کے زیر اہتمام افریقہ ڈے کی تقریب سے گورنر فیصل کنڈی و دیگر خطاب کررہے ہیں

بجلی بلوں، میٹرز، لوڈ شیڈنگ شکایات میں ادارے کا کوئی کردار نہیں، چیئرمین واپڈا

2007 کے بعد واپڈا صرف ڈیموں کی تعمیر، ہائیڈرو پاور اور بڑے آبی منصوبوں کا ذمہ دار ہے، لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید

صارفین واپڈا سے رابطہ کرکے متعلقہ اداروں سے فوری شکایت حل کروانے کا وقت ضائع کرتے ہیں، جاری بیان میں وضاحت

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ محمد سعید نے وضاحت کی ہے بجلی کے بلوں، میٹرز، ٹرانسفارمرز اور لوڈ شیڈنگ سے متعلق شکایات میں ادارے کا کوئی کردار نہیں ہے، 1997 سے شروع ہونے والی واپڈا کی تنظیم نو کا عمل 2007 میں مکمل ہوا تھا، جس کے تحت تمام ریجنل الیکٹرک سپلائی بورڈز ڈسٹری بیوشن کمپنیز (ڈسکوز) میں تبدیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سید نعمان حسن ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر دعوتِ نیازِ حلیم، سید امتیاز الحق بخاری کی خصوصی شرکت

کراچی (پ ر): سماجی و قانونی شخصیت سید نعمان حسن ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر منعقدہ دعوتِ نیازِ حلیم میں مختلف شعبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ہم بنیان مرصوص ہیں!

(ترجمہ) حقیقت یہ ہے کہ اللہ ان بندوں سے محبت کرتا ہے جو اس کے راستے میں اس طرح صف بنا کر لڑتے ہیں جیسے وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہوں۔ محب الوطنی کا آب حیات پی کر پاک فوج کو سیسہ پلائی عمارت بنانے والے خدا کے محبوب بندوں نے گائے کا پیشاب پینے والوں کو آپریشن بنیان مرصوص میں اپنی ایمانی ودفاعی طاقت و مہارت سے زلت آمیز شکست کی دھول چٹائی۔ جب بزدل دشمن اسلام و پاکستان نے خاموشی سے وار کر کے ہمارے جذبہ جہاد میں شہادت کے طلبگار شیروں کو نشانہ بنایا تو موت کے پہرے میں جینے والے پاک فوج کے دلیروں نے اعلانیہ للکارے دشمن کی غلط فہمی کو عبرت ناک نصیحت میں بدل دیا۔



اقتدار کی حوس میں سیاست کی بندوق سے اپنے ہی ملک کے وجود کو داغدار کرنے والے غرور و تکبر کے نشے میں مبتلا بھارتی وزیر اعظم مودی نے پاک فوج کی فاتحانہ کاروائیوں کا اعتراف کرکے اپنی عوام و فوج کو پاکستانی قابلیت سے آگاہ کیا۔ گائے کے پیشاب سے اپنے ضمیروں کو بدبودار رکھنے والوں کو پاک فضائیہ کے زم زم پینے والوں نے آسمانی مدد کا نظارہ کروایا۔ پاک فضائیہ نے جو میزائل داغے ان کا نام فتح تھا تھ بھی قرآن پاک کی ایک آیات کا نام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

شہر نامہ SHEHAR NAMA اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ڈائریکٹر جنرل FGEHA کیپٹن (ر) ظفر اقبال و دیگر ایف 14/15 میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے

FGEHA کا F-14/15 ناہندگان کیخلاف آپریشن مزید 13 پلاٹس منسوخ

لاٹیز کے مسائل حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی، فیلڈ وزٹس اور انتظامی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے

منصوبے کی بر وقت تکمیل اور لاٹیز کو جلد از جلد پلاٹس کی فراہمی اتھارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سیکٹر F-14 اور F-15 کی بر وقت تکمیل؛ ہاؤسنگ اتھارٹی کا نادہندگان کے خلاف ایک اور بڑا ایکشن، مزید 13 پلاٹس منسوخ وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ، سیکریٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ر) محمد محمود اور ڈائریکٹر جنرل FGEHA کیپٹن (ر) ظفر اقبال کی متحرک قیادت میں سیکٹر F-14 اور F-15 کو اسلام آباد کے جدید، خوبصورت اور ماحول دوست رہائشی سیکٹرز میں شامل کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کررہی ہے اور خصوصی ہدایات کے مطابق مذکورہ سیکٹرز میں ترقیاتی سرگرمیوں کو تیز کرنے، الاٹیز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

کابل میں بھارتی سفارتخانہ افغانوں کو ویزے بیچ رہا ہے، تجزیہ کار

اسلام آباد (کے ایم ایس) کابل میں بھارتی سفارت خانے پر سنگین الزامات لگے ہیں کہ وہ بڑے پیمانے پر ویزا ریکیٹ میں ملوث ہے جو مقامی ایجنٹوں کے ذریعے افغان شہریوں کو 100,3 سے 4, (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

وارڈ 27 جھنڈا۔ انتخابی وعدے محض زبانی دعووں تک محدود رہے، علاقہ مکین

گوجر خان (بیورو رپورٹ) وارڈ نمبر 27 جھنڈا کے مکینوں نے سابق وزیر اعظم پاکستان اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی سے شدید شکوہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتخابی وعدے محض زبانی دعووں تک محدود رہے، جبکہ نالہ تعمیر نہ ہونے کے باعث اہل علاقہ مسلسل اذیت اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

36 مجرمان اشتہاریوں سمیت 39 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاون جاری۔ سنگین جرائم میں ملوث 36 مجرمان اشتہاریوں سمیت 39 جرائم پیشہ عناصر گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

واپڈا نجکاری کیخلاف مزدور تنظیموں کا شدید احتجاج، ملک گیر ہڑتال کی وارننگ

نجکاری کا فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو ملک گیر احتجاج اور ہڑتال کی جائیگی، رہنماؤں کی دھمکی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) واپڈا نجکلی کی تقسیم کار کمپنیوں اور مختلف قومی اداروں کی مزدور تنظیموں نے حکومت کی مجوزہ نجکاری اور آؤٹ سورسنگ پالیسی کو مسترد کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ بجلی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی مجوزہ نجکاری فوری طور پر روکی جائے، اگر فیصلے واپس نہ لیے گئے تو ملک گیر احتجاج اور ہڑتال کی جائے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقدہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مزدور رہنماؤں صدر آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین عبد اللطیف نظامانی سی آئی سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

حکومتی معاشی اہداف پورے نہ ہونا، حکومت کی نااہلی، کاشف چوہدری

سرکاری اعداد و شمار الفاظ کے ہیر پھیر کے سوا کچھ نہیں، صدر تنظیم تاجران

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر کاشف چوہدری نے قومی اقتصادی سروے 2025-26 میں حکومتی معاشی اہداف پورے نہ ہونے کو حکومت کی نااہلی، ناقص معاشی منصوبہ بندی اور کمزور پالیسیوں کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی دعوؤں اور زمینی حقائق میں واضح تضاد پایا جاتا ہے۔ معیشت اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے اور معیشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، چیئرمین محمد افضل قائمہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان کا ایتھوپیا اور افریقہ کے انفلوئنسرز کیلئے مفت سیاحتی پیکیج فراہمی کا اعلان

دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تاثر اجاگر کرنا حکومت کی ترجیح، پاکستانی کانٹینٹ کریئیٹرز جلد ایتھوپیا کا دورہ کریں گے، مشیر سیاحت یاسر الیاس

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان نے ایتھوپیا اور افریقہ کے انفلوئنسرز کے لئے مفت سیاحتی پیکیج فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعظم کے مشیر و معاون خصوصی برائے سیاحت سردار یاسر الیاس نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تاثر اجاگر کرنا حکومت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ڈی آئی جی جواد طارق کا محرم الحرام کے دوران مختلف امام بارگاہوں کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی جواد طارق کا محرم الحرام کے دوران مختلف امام بارگاہوں کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے محرم الحرام کے دوران مختلف امام بارگاہوں اور مجالس کے مقامات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سکیورٹی، داخلی و خارجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

مون سون، لاہور ایئر پورٹ پر فضائی حفاظت کیلئے اقدامات

لاہور (صباح نیوز) پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی (پی اے اے) نے مون سون کے موسم میں فضائی سیفٹی و حفاظت کے پیش نظر علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ، لاہور پر خصوصی احتیاطی اقدامات نافذ کیے ہیں۔ مون سون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

دنیا بھر میں خلائی مخلوق کا عالمی دن (آج) 2 جولائی کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) دنیا بھر میں خلائی مخلوق کا عالمی دن (آج) 2 جولائی کو منایا جائے گا ہر سال 2 جولائی کو دنیا بھر میں خلائی مخلوق کا عالمی دن منایا جاتا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

امریکی سفارتخانے کو ڈرون سے نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات

بغداد (آئی این پی) روسی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ عراق کے دارالحکومت بغداد میں زوردار دھماکوں کی آوازیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ناران: نک ٹاک بنانے کے لیے سیاحوں نے گاڑی دریائے کنہار میں ڈال دی، ویڈیو وائرل

ناران (صباح نیوز) ناران میں نک ٹاک بنانے کے شوق میں سیاحوں نے گاڑی دریائے کنہار میں ڈال دی جس کے باعث سیاح گاڑی سمیت دریا میں پھنس گئے، ویڈیو وائرل ہوگئی۔ کے ڈی اے حکام کے مطابق پانی گہرا ہونے کی وجہ سے گاڑی دریا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

جنڈ کے نواحی گاؤں کرم شیر بھنڈر کے مکین احتجاج کررہے ہیں

پنجاب بھر میں غیر ملکی باشندوں کے انخلا کا عمل جاری

اب تک 35 ہزار 719 غیر ملکی باشندوں کو واپس بھیجا جاچکا ہے، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (صباح نیوز) پنجاب بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کا عمل جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق لاہور سمیت صوبے بھر سے اب تک 35 ہزار 719 غیر ملکی باشندوں کو واپس بھیجا جاچکا ہے تاہم اس وقت 72 غیر قانونی مقیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

الحمدللہ! پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ آف پاکستان کی جانب سے شہرنامہ کو ویب ٹی وی کا این او سی جاری کردیا گیا ہے

ہم بنیں گے آپ کی آواز
شہر شہر، گاؤں گاؤں، نگر نگر کی خبریں

انوکھے اور اچھوتے انداز میں
سینئر صحافیوں کی ٹیم کے ہمراہ
منفرد، تجزیے، خبریں، دلچسپ رپوٹیں اور بہت کچھ

0333-5196088
Epaper:www.sheharnama.com
Facebook.com@Sheharnama.com
E.Sheharnama

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

شکی پرنٹرز
SPS
جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل آفسٹ ویریایٹیز

ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083